موضوع - 15

جدید زرعی طریقے اور ماحول پر اس کے اثرات
Modern Agricurlture and its impact on environment

مقاصد Objectives

جدید زرعی طریقوں کے ماحول پر اثرات کی تحقیق کرنا

پس منظر Background

بہتر آبپاشی نظام، اعلیٰ و معیاری بیج، فریٹلائزرس (کھاد) وحشرات کش ادویات کا استعمال وکثیر فصلی نظام وغیرہ جدید زرعی طریقوں کی وجہ سے کسان بہتر پیداوار ومنافع حاصل کر رہے ہیں۔ لیکن ان میں بہت زیادہ چیزیں معتدل اور مناسب مقدار میں استعمال نہ کی جائیں تو ماحول پر اس کے مضر اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ یعنی زمین کی زرخیزی اور کوالٹی بُری طرح متاثر ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ زیرزمین پانی اور ندیوں، تالابوں وجھیلوں کا پانی بھی متاثر ہوتا ہے۔

طریقہ کار Methodology

یہ منصوبہ گروہی طور پر انجام دیا جائے

1۔ ایسے علاقے کا انتخاب کیجیے جہاں زراعت کے جدید طریقے اپنائے جارہے ہیں۔
2۔ دوسرا ایسا علاقہ منتخب کیجیے جہاں زراعت کے روایتی طریقے اپنائے جارہے ہیں۔
3۔ ایک ہی قسم کی فصل کے لیے دونوں جگہوں پر فی اکائی رقبہ پر پیداوار کو محسوب کیجیے۔
4۔ وہ کھیت کے اطراف واکناف موجود تالاب، کنواں، جھیل، چشمہ وغیرہ سے پانی کے نمونے اکٹھا کیجیے۔ pH کاغذ کی مدد سے پانی کے نمونوں کی جانچ کیجیے۔
5۔ pH کاغذ کی مدد سے مٹی کی اساسی یا ترشئی خاصیت معلوم کیجیے۔
6۔ اگر خوردبین دستیاب ہو تو پانی کے ہر نمونہ میں زندہ یا جاندار اجسام کا مشاہدہ کیجیے۔

یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔

7۔ گاؤں کے بزرگوں، زرعی سائنسدانوں اور علاقہ کے بلاک ڈولپمنٹ آفیسر کی مدد سے مذکورہ بالا معلومات کو مزید معقول بنائیے۔

8۔ مٹی اور پانی کے متعلق مزید معلومات اکٹھا کیجیے۔

استدلالی خلاصہ Conclusion

فی الحال ہم اپنے کھیتوں میں کسی ایک قسم کی فصل اگانے کے عادی ہو گئے ہیں۔ تمام کسان اپنے کھیتوں میں ایک ہی قسم کی فصلیں اگاتے ہیں۔ اگر کسی کھیت میں کوئی بیماری لگ جاتی ہے تو وہ تمام کھیتوں میں پھیل جاتی ہے۔ اس کو روکنا مشکل ہو جاتا ہے۔ اس وجہ سے کیڑا مار دوائیں بے حد استعمال کی جاتی ہیں اس سے ماحول میں خرابی آجاتی ہے اگر کسی مقام پر لوگ ایک ہی قسم کی ترکاری اگائیں تو وہ فصل بونے اور پودے لگانے میں مشینیں استعمال کرینگے جس سے زرعی مزدوروں کو مزدوری نہ ملکر زندگی گزارنا مشکل ہوگا۔ جب پیداوار بڑھے گی اور قیمتیں کم ہو جائینگی بعض اوقات فصلیں بہت کم ہوں تو قیمتیں بڑھینگی اور لوگوں کو خریداری میں مشکل ہوگی اس لیے ہمیں مختلف فصلیں اگانا چاہیے

دونوں صورت حال یا حالات کا تقابل کیجیے اور اکٹھا کیے گئے ڈاٹا کی بنیاد پر آپ کی رپورٹ پیش کیجیے۔

مزید کاروائی Follow-up

آپ کے تجربات اپنے ساتھیوں اور زراعت سے وابستہ اور آبی صارفین کے ساتھ بانٹیے۔

سنٹرل سیکٹر اسکیموں کے تحت چند حدود وشرائط کے ساتھ 25% سبسیڈی سے زرعی آلات او رمشینیں مثلاً ٹریکٹر، پاورٹلر، پاورتھریشر، چھڑکاؤ مشین، ڈرپ آبپاشی، جانور کھینچنے کے آلات، سیلف پروپیلڈ ریپر، دھان کے پودے لگانے کی مشین وغیرہ دستیاب ہیں۔